© rasailojaraid.com

## سفر دیدہ نم

تحریک ختم نبوت کے باہمت راہنما حضرت مولانا تاج محمود رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرزند و جانشین صاحبزادہ طارق محمود صاحب باذوق دانش ور ہیں جو جہد و عمل اور تحریر و تقریر دونوں جگہ اپنے والد مرحوم کی روایات کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ ۹۴ء میں انہیں حرمین شریفین کی حاضری کی سعادت حاصل ہوئی تو انہوں نے اپنے مشاہدات و تاثرات کو قلمبند کر کے دیگر احباب کو بھی شریک جذبات کرنے کا اہتمام کر لیا۔ یہ صرف سفرنامہ نہیں بلکہ متعلقہ مقامات کے بارے میں معلومات کا ذخیرہ بھی ہے جو صاحبزادہ کے ذوق اور محنت کا آئینہ دار ہے۔

صفحات ۱۳۰، عمدہ کمپوزنگ و طباعت، خوبصورت مضبوط جلد، قیمت ۷۰ روپے، ملنے کا پتہ مکتبہ ہفت روزہ لولاک، جامع مسجد محمود، ریلوے کالونی، فیصل آباد۔

## تصوف و سلوک

پیر طریقت حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندی قدس اللہ سرہ العزیز کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا حافظ ذو الفقار احمد نقشبندی زید مجدہم نے اس کتاب میں علم تصوف کے تعارف اور تصوف و سلوک کے آداب و اسباق پر مشتمل معلومات کو ایک اچھی ترتیب کے ساتھ جمع کیا ہے اور تصوف و سلوک کے بارے میں مختلف حلقوں کی طرف سے اٹھائے جانے والے شبہات و سوالات کا بھی جائزہ لیا ہے۔

صفحات ۲۳۲، کمپوزنگ و طباعت معیاری، خوبصورت مضبوط جلد، قیمت درج نہیں

## خطبات دین پوریؒ (جلد سوم)

پاکستان کے معروف خطیب حضرت مولانا عبد الشکور دین پوری رحمہ اللہ تعالیٰ کے خطبات کے دو مجموعے اس سے قبل منظر عام پر آ چکے ہیں اور یہ ان کے خطبات کی تیسری جلد ہے جس میں عظمت قرآن، صحابہ کرامؓ کا عشق رسولؐ، شادی و نکاح، فاروقؓ و حسینؓ، موت و حقوق والدین، فکر آخرت، جہاد فی سبیل اللہ اور کلمہ طیبہ جیسے اہم عنوانات پر مولانا دین پوریؒ کے خطبات کو جمع کیا گیا ہے۔ خطبات کے مرتب مولانا قاری جمیل الرحمان اختر ہیں جو ان معلوماتی خطبات کو خوبصورت ترتیب کے ساتھ پیش کر کے خطباء کرام کا کام آسان کر رہے ہیں اور ان کی دعائیں لے رہے ہیں۔ صفحات پونے چار سو، عمدہ کمپوزنگ و طباعت، مضبوط جلد، قیمت ایک سو پچاس روپے، ملنے کا پتہ مکتبہ حنفیہ قادریہ، ۲۸۵ جی ٹی

© rasailojaraid.com